رہبر معظم کا ڈاکٹر طاہرہ صفارزادہ کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 26 /Oct/ 2008

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے قرآن کریم کی مترجم ، خلاق شاعرہ اور ممتاز خاتون ڈاکٹر طاہرہ صفار زادہ کی رحلت پر تعزیتی پیغام ارسال فرمایاہے۔

پیغام کا متن حسب ذیل ہے:
بسم اللہ الرحمن الرحیم
قرآن کریم کی مترجم ، خلاق شاعرہ اور ممتاز خاتوں ڈاکٹر طاہرہ صفار زادہ کی رحلت پرمرحومہ کے محترم خاندان والوں اور ملک کے ادبی اور شعری حلقوں کو تعزیت پیش کرتا ہوں ۔ مرحومہ کی خدمات بالخصوص ان کا قرآن کریم کا یادگارترجمہ خداوند متعال کی بارگاہ میں ان کی نیکیوں کے پلے کو سنگین بنادےگا انشاء اللہ ،خداوند متعال کی ان پر رحمت اور غفران نازل ہو۔

سید علی خامنہ ای

5/آبان/1387